طلبی کوٹیشن

دفتر تربیتی اِدارہ اِصلاح آبپاشی پنجاب، لاہور PRIAT,CAD-JIP,NPIW-II ودیگر ترقیاتی منصوبہ جات کے تحت پنجاب کے مختلف اضلاع میں تحصیل کی سطح پر تربیتی کورسز/ فارمرز فیلڈ ڈیز دورانِ مالی سال 24-2023 اِنعقاد کرنے کا اِرادہ رکھتا ہے جس میں متعلقہ علاقے کے زمینداران/ کاشتکاران ودیگر کو اِصلاح آبپاشی کی نئی ٹیکنالوجی سے روشناس کرایا جاتا ہے۔ ہر تربیتی کورس رفارمر فیلڈ ڈے میں 30 سے 40 (کمی بیشی کے ساتھ) زمینداران/ متعلقہ افراد کی شمولیت ہوگی۔ شرکاٗ کے لئے ریفرشمنٹ، ٹینٹ وقنات، پانی، سٹیج وغیرہ کا اِنتظام کرنے کیلیئے دفتر ہذا کو فی کس فی دن کے حساب سے تجربہ کار اور اچھی شہرت کے حامل سیلز ٹیکس، پنجاب سیلز ٹیکس، اِنکم ٹیکس اور پنجاب فوڈ اتھارٹی سے رجسٹرڈ ٹھکیداران/ کیٹرنگ/ پکوان سروسز والوں سے Punjab Procurement Rules,2014 شق نمبر (1)38 "سنگل سٹیج ون اینویلوپ پروسیجر" کے تحت کوٹیشنز درکار ہیں۔ ٹینڈر دستاویزات اور ہدایات پنجاب فوڈ اتھارٹی بعوض مبلغ -/1000 روپے بصورت پے آرڈر ربینک ڈرافٹ دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں وصول کی جاسکتی ہیں جن کے مطابق کھانا اور دیگر سہولیات مہیا کرنا ہونگی۔ کوٹیشن دہندہ مذکورہ خدمات کے لئے زیرِ دستخطی کیساتھ ایک معاہدہ کرے گا۔ کوٹیشن کے ساتھ مبلغ -/300,000 روپے کا کال ڈیپازٹ (جو کہ تخمینہ لاگت کا 5% سے کم بنتا ہے) بطور زرِضمانت لازمی جمع کروانا ہوگا جو کہ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو معاہدہ کی تکمیل کے بعد قابلِ واپسی ہوگا۔ کوٹیشنز 06 جولائی 2023ء بروز جمعرات صبح 10:00 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اسی دن صبح 11:00 بجے کھولی جائیں گی۔ جس میں کوٹیشن دہندہ یا اُن کے مجاز نمائندگان شرکت کرسکتے ہیں۔

ناظم

تربیتی اِدارہ اِصلاح آبپاشی

پنجاب، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور

رابطہ نمبر 042-99233577

CamScanner